
7

4823CH07

# ایک گائے اور بکری



کسی ندّی کے پاس اک بکری
چَرتے چَرتے کہیں سے آنکلی
جب ٹھہر کر اِدھر اُدھر دیکھا
پاس اک گائے کو کھڑا پایا
پہلے جھک کر اُسے سَلام کیا
پھر سلیقے سے یوں کلام کیا
کیوں بڑی بی! مِزاج کیسے ہیں؟
گائے بولی کہ خیر اچھّے ہیں
کٹ رہی ہے بُری بھلی اپنی
ہے مصیبت میں زندگی اپنی
آدمی سے کوئی بَھلا نہ کرے
اِس سے پالا پڑے، خُدا نہ کرے

© NCERT not to be republished


دوُدھ کم دوں تو بڑبڑاتا ہے
ہوں جو دُبلی، تو پیچ کھاتا ہے
اِس کے بچّوں کو پالتی ہوں میں
دوُدھ سے جان ڈالتی ہوں میں

سُن کے بکری یہ ماجرا سارا
بولی، ایسا گِلہ نہیں اچھّا
یہ چراگہ، یہ ٹھنڈی ہَوا
یہ ہَری گھاس اور یہ سایا

یہ مزے آدمی کے دَم سے ہیں
لُطف سارے اُسی کے دَم سے ہیں
قدر آرام کی اگر سمجھو
آدمی کا کبھی گِلہ نہ کرو

گائے سُن کر یہ بات شرمائی
آدمی کے گِلے سے پچھتائی
دِل میں پرکھا بَھلا بُرا اُس نے
اور کچھ سوچ کر کہا اُس نے

یوں تو چھوٹی ہے ذات بکری کی
دل کو لگتی ہے بات بکری کی



(محمد اقبالؔ)

© NCERT not to be republished

# مشق

## I پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| سلیقہ | : | اچھا ڈھنگ، تمیز |
| کلام کرنا | : | بات کرنا |
| مِزاج | : | طبیعت، حال |
| پالا پڑنا (محاورہ) | : | واسطہ پڑنا، کام پڑنا |
| بڑبڑانا | : | خود سے باتیں کرنا |
| گِلہ | : | شکایت |
| چراگہ | : | چراگاہ، چرنے کی جگہ |
| لُطف | : | مزہ |
| قدر | : | اہمیت، قیمت |
| دل کو لگنا (محاورہ) | : | دل پر اثر کرنا۔ پسند آنا |

## II غور سے پڑھیے:

- ''گائے بولی کہ خیر اچھے ہیں''

'خیر' کے معنی ہیں بھلا، اچھا۔ مگر یہاں اس کا مطلب ہے 'جی ہاں'۔ یہ بول چال کا ایک انداز ہے۔

- ''اس سے پالا پڑے، خُدا نہ کرے''

پالا پڑنا، یہ بھی روز مرّہ کی بول چال کا ایک محاورہ ہے۔ یہاں پالا نہ پڑے کا مطلب ہے کہ اس سے کسی کو واسطہ نہ پڑے، خدا اس سے کسی کا کام نہ ڈالے۔



© NCERT not to be republished

## III سوچیے اور بتائیے:

1۔ بکری نے گائے سے کیا سوال کیا؟

2۔ گائے نے انسان کی کن برائیوں کا ذکر کیا؟

3۔ بکری نے گائے کو کیا سمجھایا؟

4۔ بکری کی بات سن کر گائے شرمندہ کیوں ہوئی؟

5۔ شاعر نے آخری شعر میں کیا پیغام دیا ہے؟

## IV جملے بنائیے:

آنکلنا    کلام کرنا    پالا پڑنا    بڑبڑانا    جان ڈالنا    ماجَرا سنانا    دل کو لگنا

## V مصرعوں کی ترتیب درست کر کے پورا شعر لکھیے:

| | |
|---|---|
| 1۔ پہلے جھک کر اسے سَلام کیا | لُطف سارے اُسی کے دَم سے ہیں |
| 2۔ یہ مزے آدمی کے دَم سے ہیں | اور کچھ سوچ کر کہا اُس نے |
| 3۔ گائے سن کر یہ بات شرمائی | پھر سلیقے سے یوُں کلام کیا |
| 4۔ دِل میں پرکھا بھَلا بُرا اُس نے | ہے مصیبت میں زِندگی اپنی |
| 5۔ کٹ رہی ہے بُری بھلی اپنی | آدمی کے گِلے سے پچھتائی |

## VI نیچے کچھ حروف لکھے ہوئے ہیں۔ اِن میں بیچ کا حرف غائب ہے۔ اس جگہ کوئی ایسا حرف لکھیے جس سے دونوں طرف سے پڑھنے میں دو مختلف لفظ بن جائیں:

مثال : ن ا ک

سیدھی ترتیب : ناک

الٹی ترتیب : کان





© NCERT not to be republished

1۔ ت ...... ر
2۔ ب ...... ت
3۔ ل ...... گ
4۔ پ ...... ن
5۔ ش ...... ل
6۔ ز ...... ر

VII بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

| ٹھہر | مزاج | مصیبت | خدا | ذات | قدر |
|---|---|---|---|---|---|
| .......... | .......... | .......... | .......... | .......... | .......... |
| .......... | .......... | .......... | .......... | .......... | .......... |
| .......... | .......... | .......... | .......... | .......... | .......... |
| .......... | .......... | .......... | .......... | .......... | .......... |
| .......... | .......... | .......... | .......... | .......... | .......... |

© NCERT not to be republished